© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں سرفہرست جناب رضی الدین سید صاحب کی کتاب عیسائیت، حقائق و واقعات ...... ہے۔ کتاب میں مذکور چند عنوانات حسب ذیل ہیں۔

سینٹ پال کون تھا، عیسائیت۔ حقائق و واقعات کے پس منظر میں، عیسائی مذہب، تضادات اور کمزوریاں، صلیب کی کہانی، انجیل برناباس کی زبانی، بائبل میں توحید اور پیغمبر آخرالزماں ﷺ کا ذکر، عیسائیوں کی کتاب بائبل کا تجزیہ، انجیلی صحیفوں میں درج حضرت دانیال کی ایک پیشین گوئی، بائبل میں اسلام کی گواہی، عیسائیت ایک سوال و جواب کی صورت میں۔ بائبل میں انبیاء پر غلط کاری کے الزامات۔ نبی کریم کے بارے میں حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہ السلام کی بشارتیں۔ کرسمس کیا اور کیوں ؟۔ عشائے ربانی۔ تاریخ کلیسا کا ایک بدنما باب ...... جب بدکار لڑکی پاپائے اعظم کے منصب پر پہنچی۔ عیسائیو کبھی ہم تمہارے لئے دعائیں مانگا کرتے تھے، عیسائیت کے دو اہم فرقے کیتھولک اور پروٹسنٹ۔ معافی ناموں کا کلیسائی دھندہ..........وغیرہ

کتاب کے مطالعہ سے دین عیسائیت کے بہت سے پہلو واضح ہو کر قاری کے سامنے آتے ہیں۔ مسلم اور غیر مسلم کی موجودہ کشمکش کے دور میں یہ کتاب مسلم نوجوانوں کے لئے بے حد مفید ہے۔

۱۵۲ صفحات کی اس خوبصورت مجلد کتاب کا ہدیہ .........روپے ہے اور راسے اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی نے شائع کیا ہے کتاب طلب کرنے کے لئے درج ذیل پتہ پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ اکیڈمی بک سینٹر ڈی۔۳۵ بلاک ۵ فیڈرل بی ایریا کراچی۔

☆الکون مبنی علی النظام فعلیک بالعرب فی مصالحہ وحقائق وواجباتہ۔ ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ای میل irak.pk@gmail.com

دوسرا تحفہ جناب احسان اللہ شبیر صاحب کی کتاب ......حسنِ نظر......(تبصرے، تاثرات، تجزیے) کا ہے ۔چار سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب ہمیں جناب صوفی مقصود حسین صاحب نے عنایت کی ہے ۔جو پروفیسر سید شبیر حسین شاہ صاحب کی تحریروں پر اہل قلم کے تبصروں آراء اور تجزیوں پر مشتمل ہے ۔کتاب کا تعارف مرزا آصف رسول صاحب کے اس شعر میں کوزے میں بند دریا کے مصداق آ گیا ہے......

مجلس نقد ونظر شبیر را آراستند    زندہ باد ایں انتقاد و بزم با حسن نظر

کتاب ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے: گوشہ محققین محلہ موگا منڈی ننکانہ صاحب 03334454335

دو کتابوں کا تحفہ جناب علامہ محمد سراج احمد صاحب نے اوچ شریف سے بھجوایا ہے ۔جن میں سے ایک ......فتاویٰ سراجیہ...... ہے جبکہ دوسری کتاب سیرت طیبہ کے حوالہ سے ہے اور اس کا نام ہے......محمدؐ اولؐ......

پہلی کتاب میں عبادات سے متعلق مسائل پر گفتگو کی گئی ہے اور سوال وجواب کی صورت میں نماز سے متعلق مسائل بیان ہوئے ہیں......دیگر مکاتب فکر سے بعض مسائل میں اختلاف کو بھی واضح کیا گیا ہے ۔

۱۵۸ صفحات کی یہ کتاب کارڈ بائنڈ ڈ ہے اور اسے ضیاء القرآن پبلی کیشنز نے شائع کیا ہے کتاب کا ہدیہ ۸۴ روپے ہے ۔

دوسری کتاب......محمدؐ اولؐ ......حضورﷺ کی سیرت کے بعض اہم گوشوں سے متعلق ہے ۔اور خصوصاً حضورﷺ کے اول وآخر ہونے پر کافی دلائل دیئے گئے ہیں ۔کتاب تین سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس مجلد کتاب کا ہدیہ ۱۶۵ روپے ہے ۔ملنے کا پتہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز کراچی لاہور۔

ایک اور تحفہ جناب مشتاق احمد قریشی صاحب کی تفسیر سورۃ الماعون کا ہے......۱۲۸ صفحات پر مشتمل اس کتاب کا ہدیہ ۱۵۰ روپے ہے اور ملنے کا پتہ القریش پبلی کیشنز سرکلر روڈ چوک اردو بازار لاہور ہے ۔

اس ماہ کی ڈاک میں منجملہ دیگر سوسوا سو رسائل کے دو نئے رسائل بھی تشریف لائے ہیں ان میں سے ایک تو شعبہ علوم اسلامیہ لاہور انسٹیٹیوٹ فار سوشل سائنسز لاہور کا شش ماہی مجلہ......رشد


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



...... ہے جس کے دوشمارے (شمارہ نمبر ۵ ،اور ۶) ایک ساتھ موصول ہوئے ہیں ۔یہ ایک تحقیقی مجلّہ ہے اور ایچ ای سی کی تحقیق کی شرائط ومعیار کے مطابق اس کے مضامین کا انتخاب کیا گیا ہے ۔مجلّہ کے شمارہ ۵ میں حسب ذیل تحقیقی مقالات شامل ہیں......

دور حاضر میں اجتماعی اجتہاد کے محرکات ، جدید تصورِ درایت اور جدت پسند مفکرین کے درایتی اصول، حقوق نسواں اور مسلم ممالک کی کشمکش ،مسلم ممالک میں سماجی اور فکری تبدیلی، جدید سائنسی طریقہ ہائے تولیداور کلوننگ، مقاصد شریعت کی روشنی میں، حدیثِ مرسل فقہاء کی نظر میں ۔

شمارہ نمبر ۶ کے مضامین حسب ذیل ہیں :......اجتماعی اجتہاد کا مفہوم ،اصول تفسیر کی تاریخ وتدوین،خبر واحد کی حجیت ،محدثین اور فقہاء کا نقطہ نظر ،عورت کی دیت کا مسئلہ ، ہدیہ اور اس کی شرعی حیثیت، مصطلح الولایۃ ۔

مجلّہ کے مدیر حافظ محمد زبیر صاحب ہیں اوراس کی قیمت فی شمارہ ۲۰۰ روپے ہے......

ایک اور نیا مجلّہ ، اسلامی اقدار کے احیاء اور نئی نسل کی تربیت واصلاح کے لئے کوشاں، علمی ، ادبی ،فکری ،اصلاحی اور تحقیقی ماہنامہ بشار کراچی ہے جس کا پہلا شمارہ موصول ہوا ہے اور یہ کراچی سے تلاشِ حق فاؤنڈیشن نے شائع کیاہے۔اس کے ماہ ربیع الاول کے علمی ادبی فکری اصلاحی اور تحقیقی مقالات میں درج ذیل شامل ہیں ۔برکاتِ میلا دالنبی ، لا نبی بعدی ،فکر شباب ، بنت حوا کے حروف ، (اسلام میں عورت کا مقام) ، ہم نے پوچھاہے ، بچوں کی خانقاہ ، روشن فکر، آپ نے پوچھا ہے ، مشاورت ، مشاہدات ومجربات......مجلّہ کے موسس ومدیر ڈاکٹر محمد اویس معصومی صاحب ہیں جو ایک جواں سال مستند عالم دین ہیں ، مجلّہ کی مجلس ادارت ومشاورت میں متعدد باوقار شخصیات و لائق احترام علماء کرام کے اسماء گرامی شامل ہیں ......ہم امید کرتے ہیں کہ حضرت علامہ پروفیسر محمد یوسف فاروقی صاحب رکن مجلس ادارت اور حضرت علامہ مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب، مفتی محمد عبدالعزیز سیالوی صاحب جیسی علمی شخصیات کی مشاورت سے جاری ہونے والا یہ ماہنامہ علم وتحقیق کی خدمت میں ایک نئے باب کا اضافہ کرے گا۔اورنوجوان نسل کی تربیت میں اس کا اثر انشاء اللہ گہرا اور پائدار ہوگا ۔مجلّہ حسب ذیل پتہ سے لگوایا جاسکتا ہے، قاری غلام حبیب نقشبندی جامع مسجد مومن بریگیڈ پولیس لین جیکب لین کراچی ۔اللہ تعالی اس مجلّہ کو توقعات سے بڑھ کر کامیابیاں عطا فرمائے اوراس کے لئے شب وروز محنت کرنے والی مجلس ادارت ومشاورت کے تمام اراکین کو ہمت واستقامت کے ساتھ ساتھ بے پناہ وسائل بھی نصیب فرمائے ......(آمین)

☆علیک بالسعی والریاضۃ واجتنب الکسل والخمول واھجر الفراغ والبطالۃ.☆

© rasailojaraid.com